اہلیت کے حامل تمام اہل خانہ
سمر رائزنگ داخلے میں خوش آمدید – منگل، 3 مارچ سے شروع ہو رہے ہیں!

عزیز اہلِ خانہ،

کیا آپ کا بچہ فی الوقت کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 کا طالب علم ہے جس کے لیے آپ اس موسم گرما میں ایک بلامعاوضہ اور محفوظ پروگرام تلاش کر رہے ہیں؟ اگر ایسا ہے، سمر رائزنگ آپ کے طالبِ علم کے لیے مناسب ہو سکتا ہے!

سمر رائزنگ نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) اور محکمۂ نوجوانان اور برادری فروغ دہی (DYCD) کے درمیان ایک شراکت داری ہے جو طلباء کو 7-6 ہفتوں تک 8 گھنٹے فی دن تعلیمی اور زُود افزا پروگرامنگ فراہم کرتے ہیں۔

ذیل میں کچھ اہم تاریخیں ہیں جن سے آپ کو اس عمل سے گزرنے کے لیے آگاہ ہونا چاہیے:

- **منگل، 3 مارچ، 2026**: سمر رائزنگ درخواست کھل رہی ہے
- **جمعہ، 27 مارچ، 2026**: سمر رائزنگ درخواست بند ہو جائے گی
- **منگل، 21 اپریل، 2026**: سمر رائزنگ نتائج جاری کیے جائیں گے اور منتظرین فہرستیں کھلیں گی
- **منگل، 05 مئی، 2026**: سمر رائزنگ پیشکش کا جواب دینے کی آخری تاریخ

گوکہ درخواست ابھی تک نہیں کھلی ہے، سب سے اہم کام جو آپ ابھی کر سکتے ہیں یہ ہے کہ یقینی بنائیں کہ آپ کا مائی اسکولز اکاؤنٹ صحیح طریقے سے بنا ہوا ہے۔

اکاؤنٹ نہیں ہے؟ اپنے طالب علم کا آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ تخلیقی کوڈ حاصل کرنے کے لیے اپنے بچے کے موجودہ اسکول سے رابطہ کریں۔ جب آپ کے پاس یہ معلومات آ جائیں گی آپ ایک MySchools اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں (اگر آپ کا پہلے ہی سے ایک نہ بنا ہوا ہو) اور اپنے بچے کو شامل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کا پہلے ہی سے ایک مائی اسکولز اکاؤنٹ ہے، آپ کو ایک نیا اکاؤنٹ بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ کو ایک نیلا باکس نظر آئے جس میں لکھا ہو کہ آپ کے بچے کی معلومات کی تصدیق درکار ہے، برائے مہربانی مدد کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

اپنے بچے کو اپنے اکاؤنٹ میں کیسے شامل کریں:

1۔ اپنے ڈیش بورڈ پر، "ایک بچہ شامل کریں" پر کلک کریں۔

2۔ وہ انتخاب چنیں جس پر "NYC کے مکین جو مڈل اسکول، ہائی اسکول، گریڈ 4-1 قابل اور ہنرمند، یا **سمر رائزنگ** پروگراموں کے لیے درخواست دے رہے ہیں" لکھا ہو ہے۔

3۔ اپنے بچے کا 9 عددی طالبِ علم آئی ڈی نمبر (OSIS) اور منفرد اکاونٹ تخلیقی کوڈ درج کریں (یہ آپ کے NYCSA کوڈ سے مختلف ہے)۔ آپ ان معلومات کے لیے اپنے اسکول سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ جب یہ مکمل ہو جائے تو آپ درخواست کھلنے پر اس کے لیے تیار ہوں گے!

اگر آپ ایک سے زیادہ بچوں کے لیے درخواست دے رہے ہیں آپ اسی مائی اسکولز اکاؤنٹ میں تمام بچوں کو شامل کر سکتے ہیں! اپنے بچوں کے لیے علیحدہ اکاؤنٹس بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔

سوالات ہیں؟ اپنے بچے کے اسکول کے مشیر سے بات کریں یا ویب سائٹ schools.nyc.gov/SummerRising پر جائیں۔

نیک تمنائیں،

سمر رائزنگ داخلے ٹیم
نیو یارک شہر پبلک اسکولز

کیا یہ ای میل آپ کو کسی دوست نے بھیجی تھی؟ ہمارے سمررائزنگ داخلوں کی ای میل فہرست کے لیے schools.nyc.gov/SignUp پر سائن اپ کرنا یقینی بنائیں۔ اگر آپ سمر رائزنگ داخلوں کے بارے میں مستقبل کے پیغامات سے **خارج (آن سبسکرائب) ہونا چاہتے ہیں تو** براہِ کرم یہاں کلک کریں۔